وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

اور اللہ کی رسی کو مل کر مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ

کہہ دو کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ



تعلیم مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# سُنتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

**ختم نبوت**

اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ (جامع الترمذی:۲۲۱۹)

"میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔"

# المصطفیٰ ﷺ مرکز کی اغراض ومقاصد

**فقط اللہ کی عبادات** | **محبت واطاعت مصطفےٰ ﷺ کی** | **اللہ کی مخلوق کی خدمت**

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا (النساء:۳۶)
ترجمہ: اور صرف اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ (آل عمران:۳۱)
ترجمہ: اے نبی ﷺ آپ ان سے کہہ دیں کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔

اَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (البقرۃ:۱۹۵)
ترجمہ: احسان کرو بے شک اللہ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

**المصطفیٰ مرکز کے رہنما اصول**

**جو کام زیادہ کرنے ہیں**

☆ **قرآن وسنت پر عمل اور دعوت:** ترجمہ۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرتا ہے گا اور اللہ سے ڈرتا ہے گا اور پرہیزگاری اختیار کرے گا تو ایسے لوگ ہی کامیاب ہیں۔(النور-۵۲)

☆ **مسلم امہ سے فرقہ پرستی وتعصبات کے خاتمے کی کوشش:** ترجمہ۔ تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو۔(آل عمران-۱۰۳)

☆ **فلاح اتحاد امت کی کوشش:** ترجمہ۔ تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک تم اپنے بھائی کیلئے وہ پسند نہ کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو۔(مسلم)

☆ **فکر آخرت:** ترجمہ۔ جو آخرت کی کھیتی کا طالب ہے ہم اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے۔(الشوریٰ-۲۰)

**جو کام بالکل نہیں کرنے**

☆ **شرک:** ترجمہ۔ کہہ دو کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ اللہ کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ شریک نہ کروں۔(الرعد-۳۶) ☆ **بدعت:** ترجمہ۔ ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی جہنم میں لے جائے گی۔(مسلم)

☆ **ظلم:** ترجمہ۔ کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں۔(بخاری)

☆ **حقوق العباد میں کوتاہی:** ترجمہ۔ اور والدین کے ساتھ احسان کرو اور رشتہ داروں، یتیموں، مساکین اور قرابت دار ہمسایہ اور غیر قرابت دار ہمسایہ۔(النساء-۳۶)

**جن کا ادب کرنا ہے**

☆ **اہل بیت اطہار:** ترجمہ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دوست رکھو اللہ تعالیٰ کو اس لیے کہ وہ تم کو نعمتیں کھلاتا ہے اور دوست رکھو مجھے اللہ کیلئے اور دوست رکھو میرے اہل بیت کو میرے لیے۔(ترمذی)

☆ **صحابہ کرام:** ترجمہ۔ مہاجر وانصار میں سبقت لے جانے والے اور سب سے پہلے ایمان لانے والے جنہوں نے نیکی میں (ان کی) اتباع کی۔ اللہ سب سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے۔(التوبہ-۱۰۰)

☆ **اولیاء کرام:** ترجمہ۔ اللہ کے نیک بندوں میں بعض ایسے بھی ہیں کہ اگر اللہ پر قسم کھالیں تو اللہ پوری کر دیتا ہے۔(مسلم)

☆ **علماء کرام:** ترجمہ۔ علماء انبیاء کے وارث ہیں۔(ابوداؤد)

بہترین بات اللہ کی کتاب (قرآن) اور بہترین طریقہ محمد رسول اللہ ﷺ کا ہے۔(بخاری:7277)

| | |
|---|---|
| اتباعِ سنت | 5 |
| ذکرِ الٰہی | 6 |
| درود پاک | 16 |
| **روزمرہ کی سنتیں** نیند سے بیدار ہوتے وقت کی سنتیں | 23 |
| بیت الخلا میں داخل ہونے سے پہلے کی سنتیں | 24 |
| بیت الخلا سے نکلتے وقت کی سنتیں | 25 |
| غسل جنابت، تیمّم.....اور مسواک | 26 |
| تیمّم کرنے کا مسنون طریقہ | 27 |
| لباس پہننے کی سنتیں | 28 |
| وضو کی سنتیں | 29 |
| گھر سے باہر نکلنے کی سنتیں | 32 |
| آپ ﷺ کے چلنے کا طریقہ | 32 |
| مسجد میں داخل ہوتے وقت کی سنتیں | 33 |
| مسجد میں داخل ہونے کے بعد کی سنتیں | 34 |
| دعا مانگنے کی سنتیں | 37 |
| روزانہ ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب حاصل کریں | 38 |

| | |
|---|---|
| مسجد سے باہر نکلتے وقت کی سنتیں | 39 |
| گھر میں داخل ہوتے وقت کی سنتیں | 40 |
| صبح کا مسنون ناشتہ | 41 |
| گھر سے باہر جاتے وقت | 41 |
| سلام، مصافحہ اور معانقہ کی سنتیں | 42 |
| کھانے اور پینے کی سنتیں | 44 |
| ظہر کی نماز سے عشاء کی نماز تک کی سنتیں | 49 |
| سوتے وقت کی سنتیں | 51 |
| سونے کے بعد کی سنتیں | 55 |
| شادی کے بعد کی سنتیں | 59 |
| خاوند اور بیوی کے حقوق | 62 |
| بچہ پیدا ہونے کے بعد کی سنتیں | 63 |
| بال، داڑھی اور مونچھوں کے متعلق سنتیں | 65 |
| جمعہ کی سنتیں | 67 |
| عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کی سنتیں | 70 |
| قربانی کے فضائل اور مسائل | 74 |

| | |
|---|---|
| گائے اور اونٹ میں شرکت اور کسی کی طرف سے قربانی کرنے کا بیان | 77 |
| قربانی کرنے کا مسنون طریقہ | 80 |
| سفر کی سنتیں | 80 |
| نماز قصر (دوگانہ) کی سنتیں | 83 |
| مسافر کتنے دن تک قصر نماز پڑھ سکتا ہے؟ | 84 |
| علم حاصل کرنا فرض ہے | 85 |
| صدقۃ الفطر کا صحیح مقصد | 87 |
| فطرہ کس پر واجب ہوتا ہے؟ | 88 |
| فطرہ ادا کرنے کا وقت | 88 |
| صدقہ فطر کن چیزوں سے ادا ہوتا ہے؟ | 88 |
| صدقہ فطر کی مقدار | 89 |
| خرید و فروخت کی سنتیں؟ | 89 |
| قسمیں کھانے کی سنتیں | 91 |
| علاج کرنے کی سنتیں | 92 |
| فتنوں سے بچنے کی سنتیں | 93 |

| | |
|---|---|
| لمبی عمر | 96 |
| تکلیف برداشت کرنے کی سنتیں | 96 |
| بخل اور حرص کی ممانعت | 97 |
| حسن خلق کی سنتیں | 98 |
| صبر وتحمل کی سنتیں | 99 |
| قرض لینے اور دینے کی سنتیں | 100 |
| رمضان المبارک کی سنتیں | 104 |
| اعتکاف | 106 |
| شب قدر کی سنتیں | 107 |
| مہمان نوازی کا سنت طریقہ | 108 |
| والدین کے حقوق | 109 |
| اولاد کے حقوق وحفاظت | 110 |
| پڑوسیوں کے حقوق | 111 |
| قریبی رشتہ داروں کے حقوق | 112 |
| آپ ﷺ کی مختلف سنتیں | 114 |
| خلق امام الانبیاء جناب محمد مصطفیٰ ﷺ | 118 |
| تعلیمات شاہ ابرار جناب محمد مصطفیٰ ﷺ | 125 |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# اتباعِ سنت

☆ یقیناً اللہ اور آخرت کی امید رکھنے والوں کیلئے اللہ کے رسول ﷺ کی ذات میں بہترین نمونہ ہے۔(سورۂ احزاب ۲۱)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت کے فتنہ وفساد کے وقت جس شخص نے میری سنت کو مضبوط پکڑا۔ اس کیلئے سو شہیدوں کا ثواب ہے۔(مشکوٰۃ شریف)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے دوست رکھا میری سنت کو پس اس نے دوست بنایا مجھ کو۔ اور جس نے دوست بنایا مجھ کو وہ بہشت میں میرے ساتھ ہوگا۔(ترمذی)

## ذکرِ الٰہی

﴿پڑھ کتاب میں سے جو تیری طرف وحی کی گئی ہے۔اور نماز قائم کر یقیناً نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے۔ اور بلاشبہ اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے۔(العنکبوت۔۴۵)

☆ مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔ (البقرۃ۔۱۵۲)

☆اور اپنے دل میں اپنے پروردگار کو گڑگڑا کر اور چپکے سے اور بغیر آواز بلند کیے صبح اور شام یاد کر اور غافلوں میں نہ ہو۔ (الاعراف۔۲۰)

☆ کہہ دے بے شک اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جو رجوع کرتا ہے اس کو اپنی طرف راہ دکھاتا ہے

اور جو ایمان لائے اللہ کی یاد سے ان کے دل مطمئن ہوتے ہیں ۔ خبردار اللہ کی یاد سے دلوں کو قرار ملتا ہے (الرعد۔ ۲۷، ۲۸)

﴿ سیدنا ابو درداءؓ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کیا نہ آگاہ کروں میں تم کو تمہارے ان اعمال سے جو بہترین اعمال ہیں اور بہت پاکیزہ اعمال ہیں تمہارے بادشاہ کے خیال میں اور بہت بلند اعمال ہیں تمہارے درجات میں اور تمہارے لئے سونا اور چاندی خرچ کرنے سے بہتر ہیں اور بہتر ہیں تمہارے لئے اس سے کہ ملو تم اپنے دشمن سے (یعنی لڑائی میں) اور مارو تم ان کی گردنوں کو اور ماریں وہ تمہاری گردنوں کو۔ صحابہؓ نے عرض کیا ہاں

یارسول اللہ ﷺ، آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ خدا کا ذکر ہے۔
(ترمذی و مالک)

﴿رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ذکر الٰہی کرتا ہے اور جو ذکر الٰہی نہیں کرتا وہ زندہ اور مردہ کی مانند ہیں"
(بخاری و مسلم)﴾

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابن آدم نے ایسا کوئی عمل نہیں کیا جو ذکر الٰہی سے بڑھ کر اسے اللہ کے عذاب سے نجات دینے والا ہو۔ (ابن ابی شیبہ، طبرانی)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی قوم کسی ایسی مجلس میں نہیں بیٹھتی جس میں وہ اللہ کا ذکر کرتے ہوں مگر انہیں فرشتے گھیر لیتے ہیں اور رحمت ڈھانپ لیتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر ان لوگوں میں کرتا ہے جو اس کے پاس

ہوتے ہیں۔(مسلم)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، دو کلمے ہیں، زبان پر ہلکے، میزان میں بھاری اور رحمٰن کو بہت پیارے ہیں۔(اور وہ ہیں) **سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ.** ترجمہ: اللہ پاک ہے اپنی تعریفوں اور خوبیوں کے ساتھ، اللہ پاک ہے، عظمتوں والا۔(بخاری)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے **سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ** ایک دن میں سو مرتبہ کہا اس کے گناہ دور کئے جاتے ہیں۔اگرچہ ہوں وہ سمندر کی جھاگ کے برابر۔ (بخاری و مسلم)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، مجھے **سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ** کہنا

ان تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے۔ (مسلم)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بہترین ذکر لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ اور بہترین دعا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ہے (ترمذی وابن ماجہ)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص سچے دل سے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے اس کیلئے آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور اس کا کلمہ عرش تک پہنچ جاتا ہے۔ جب تک وہ کبیرہ گناہوں سے بچتا رہے۔ (ترمذی)

☆ حضرت سعدؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مچھلی والے (حضرت یونسؑ) کی دعا جب وہ مچھلی کے پیٹ میں تھے ان الفاظ میں تھی۔ لَآ اِلٰـہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ.

ترجمہ: خداوند تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے بے شک میں ظالموں میں سے تھا۔ اس دعا کو پڑھ کر جو مسلمان بھی دعا کرتا ہے وہ قبول ہوتی ہے۔ (احمد)

☆ رسول اللہ ﷺ ایک درخت کے پاس سے گزرے جس کے پتے خشک تھے۔ آپ ﷺ نے اس کی ٹہنیوں پر لاٹھی ماری، پتے جھڑ کر زمین پر گرے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور سُبْحَانَ اللّٰہِ اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنے سے بندے کے گناہ اسی طرح جھڑ جاتے ہیں جس طرح اس درخت کے پتے جھڑے ہیں۔ (ترمذی)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس شخص نے دس مرتبہ یہ کلمات کہے، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. تو اس کا یہ عمل اس شخص کی طرح ہے جس نے حضرت اسماعیلؑ کی اولاد میں سے چار غلام آزاد کئے۔ (بخاری و مسلم)

☆ ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، مجھے ایسی بات سکھلا دیں جسے میں کہتا رہوں، آپ ﷺ نے فرمایا یہ کہا کر۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اللہ

سب سے بڑا ہے اس کی کبریائی ہے، اللہ کیلئے سب سے زیادہ تعریفیں ہیں، اللہ کیلئے پاکیزگی ہے جو جہانوں کا رب ہے، گناہ سے پھرنے کی توفیق اور نیکی کرنے کی قوت اللہ ہی سے حاصل ہوتی ہے جو غالب حکمتوں والا ہے۔ اس نے کہا، یہ سب باتیں تو میرے رب کیلئے ہیں، میرے لئے کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا یہ کہا کر۔

**اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔**

ترجمہ: اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے ہدایت سے نواز اور مجھے اپنی عطا سے سرفراز فرما۔ (مسلم)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابو موسیٰؓ کیا میں تجھ کو بہشت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ بتلا دوں؟ انہوں نے

عرض کیا ہاں یا رسول اللہ ﷺ ضرور۔ آپ ﷺ نے فرمایا وہ خزانہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ہے (بخاری و مسلم)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص بھی ہر نماز کے بعد تینتیس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰه اور تینتیس مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور تینتیس مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتا ہے اور پھر سو کی گنتی پوری کرتے ہوئے پڑھتا ہے لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْـدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَـلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، اگرچہ سمندر کی جھاگ کی طرح ہوں۔ (مسلم)

☆ جب رسول اللہ ﷺ اپنی نماز سے فارغ ہوتے تو تین مرتبہ اَسْتَـغْـفِـرُ اللّٰـهَ فرماتے۔ اور یہ دعا پڑھتے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ترجمہ: اے اللہ! تو سلام ہے اور سلامتی تیری ہی طرف سے ملتی ہے اے عزت و جلالت کے مالک، تو بڑی برکتوں والا ہے۔ (مسلم)

﴿ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص بازار جائے اور یہ الفاظ کہے تو اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں دس لاکھ نیکیاں لکھتا ہے اور اس سے دس لاکھ برائیاں دور کرتا ہے اور اس کے دس لاکھ درجے بلند کرتا ہے اور اس کیلئے جنت میں ایک گھر بناتا ہے (اور وہ الفاظ یہ ہیں) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ۔ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ

عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ: ترجمہ ''اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اس کی بادشاہی ہے اور اسی کیلئے تمام تعریفیں ہیں وہی زندہ کرتا ہے وہی مارتا ہے۔ وہ ایسا زندہ ہے جس کو موت نہیں آئے گی اسی کے قبضہ میں ہے ساری بھلائی اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے'' (ترمذی وابن ماجہ)

## درود پاک

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی آپ ﷺ پر درود اور سلام بھیجا کرو (الاحزاب ۵۶)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ کے کچھ فرشتے ہیں جو

دنیا میں چکر لگاتے رہتے ہیں اور میرے امتیوں کا صلوٰۃ و سلام مجھے پہنچاتے ہیں (نسائی)

﴿ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہوگا جو مجھ پر سب سے زیادہ درود پڑھنے والا ہے۔ (ترمذی) ﴾

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ (مسلم)

☆ حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ میں چاہتا ہوں کہ آپ ﷺ پر درود زیادہ بھیجا کروں آپ ﷺ مجھے بتا دیجئے کہ اپنی دعا میں سے کتنا حصہ آپ ﷺ پر صلوٰۃ کیلئے

مخصوص کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا جتنا چاہو میں نے عرض کیا کہ میں اس وقت کا چوتھائی حصہ آپ ﷺ پر درود کیلئے مخصوص کر دوں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر اور زیادہ کرو گے تو تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا کہ پھر میں آدھا وقت مخصوص کرتا ہوں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا جتنا چاہو اور اگر اور زیادہ کر دو گے تو تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا کہ دو تہائی حصہ اس کیلئے مخصوص کرتا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر اور زیادہ کرو گے تو تمہارے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا کہ میں اپنی دعا کا سارا وقت مخصوص کرتا ہوں آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم ایسا کرو گے تو تمہاری ساری فکروں اور ضرورتوں کی اللہ کی طرف سے کفالت کی جائے گی اور

تمہارے گناہ وقصور معاف کر دیئے جائیں گے (ترمذی)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بخیل اور کنجوس ہے وہ آدمی جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ (ترمذی)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تمہارے دنوں میں سب سے افضل دن جمعہ کا دن ہے، پس تم اس میں مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو، اس لئے کہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جائے گا۔ صحابہؓ نے پوچھا، یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ پر ہمارا درود کس طرح پیش کیا جائے گا، جب کہ آپ ﷺ کا جسم بوسیدہ ہو چکا ہوگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے انبیاءؑ کے مبارک جسموں کو زمین پر حرام کر دیا ہے۔ (ابوداؤد)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میری قبر کو عید گاہ مت بناؤ، اور مجھ پر درود پڑھو، اس لئے کہ تم جہاں کہیں بھی ہو، تمہارا درود مجھے پہنچ جاتا ہے۔ (ابوداؤد)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جو شخص بھی مجھ پر سلام بھیجتا ہے تو اللہ تعالیٰ مجھ پر میری روح لوٹا دیتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اسے جواب دیتا ہوں۔ (ابوداؤد)

☆ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو نماز میں دعا مانگتے ہوئے سنا۔ جب کہ اس نے اللہ کی حمد بیان کی اور نہ نبی ﷺ پر درود پڑھا۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اس نے جلد بازی کی ہے، پھر آپ ﷺ نے اسے بلایا اور اس سے یا کسی اور شخص سے فرمایا، جب تم میں سے کوئی شخص نماز پڑھے (پھر اس کے بعد دعا مانگے) تو اسے چاہئیے کہ

پہلے اپنے رب کی حمد و ثناء کرے، پھر نبی ﷺ پر درود پڑھے، پھر اس کے بعد جو چاہے دعا مانگے (ابوداؤد و ترمذی)

☆ حضرت ابو محمد کعب بن عجرہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے تو ہم نے عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ! ہم نے آپ ﷺ پر سلام پڑھنے کا طریقہ جان لیا ہے۔ پس ہم آپ ﷺ پر درود کیسے بھیجیں؟

آپ ﷺ نے فرمایا یہ پڑھا کرو. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ. اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَّ عَلٰی اٰلِ

اِبْرٰهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔(بخاری)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے دس مرتبہ صبح، دس مرتبہ شام کے وقت مجھ پر درود بھیجا، اسے قیامت کے روز میری سفارش (شفاعت) حاصل ہوگی۔(طبرانی)

﴿ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص یہ الفاظ کہے تو اس کا ثواب ستر فرشتوں کو ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا یعنی وہ ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے لکھتے تھک جائیں گے (وہ الفاظ یہ ہیں) جَزَی اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلُهٗ: ترجمہ ''اے اللہ جزا دے ہماری طرف سے محمد ﷺ کو جس کے وہ اہل ہیں'' (الطبرانی) ﴾

## نیند سے بیدار ہوتے وقت کی سنتیں

1 ''نیند سے اٹھتے ہی دونوں ہاتھوں سے چہرے اور آنکھوں کو ملیئے تا کہ نیند کا خمار دور ہو جائے'' (شمائل ترمذی)

2 ''بیدار ہونے کے بعد اور بستر چھوڑنے سے پہلے یہ دعا پڑھیئے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَا تَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں کہ جس نے ہمیں مارنے (سونے) کے بعد زندہ کیا (اٹھایا) اور اسکی طرف ہی (ہمیں)

## خلق امام الانبیاء جناب محمد مصطفیٰ ﷺ

☆ جانی دشمن بھی حضور ﷺ کی سچائی اور امانت کا اقرار کرتے تھے۔ ☆ بچپن ہی سے سارا ملک حضور ﷺ کو صادق (سچا) اور امین کہہ کر پکارتا تھا۔ ☆ ایک دن ابوجہل نے کہا، اے محمد ﷺ! میں تجھے جھوٹا نہیں سمجھتا۔ لیکن تیرے دین پر میرا دل نہیں جمتا۔ ☆ نبی ﷺ کی دعا تھی الٰہی ایک دن بھوکا رہوں۔ ایک دن کھانے کو ملے۔ بھوک میں تیرے سامنے گڑ گڑایا کروں۔ کھا کر تیرا شکر کروں۔ ☆ حضرت عائشہ صدیقہؓ کہتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ کا کنبہ مہینہ دو مہینہ تک پانی اور کھجور پر گذارا کرتا۔ چولہے میں آگ تک نہ جلائی جاتی۔ ☆ حضرت عائشہ صدیقہؓ کہتی ہیں میرے گھر میں آنحضرت ﷺ کا بستر کھجور کے پتوں سے بھرا ہوا تھا۔

☆ حضرت حفصہؓ کہتی ہیں میرے گھر میں آنحضرت ﷺ کا بستر صرف ٹاٹ تھا اسے دوتہہ کر کے بچھا دیا جاتا۔ ایک دن ہم نے چار تہہ کر دیا۔ فرمایا، بستر نرم ہو گیا، آئندہ ایسا نہ کرنا۔ ☆ حضرت ابن عوفؓ کہتے ہیں آنحضرت ﷺ نے ساری زندگی میں جو کی روٹی بھی پیٹ بھر کر نہیں کھائی۔ ☆ آنحضرت ﷺ نے جو آخری رات دنیا میں کاٹی، اس رات عائشہ صدیقہؓ نے چراغ کیلئے تیل ایک پڑوسن سے ادھار لیا تھا۔ ☆ وفات کے بعد حضور ﷺ کی زرہ یہودی کے پاس تھی جو اناج کے بدلہ گروی تھی۔ ☆ آنحضرت ﷺ دعا فرمایا کرتے، الٰہی! آل محمد ﷺ کو صرف اتنا دے، جسے پیٹ میں ڈال لیں۔ ☆ سب کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آتے۔ ☆ تیموں کو پالتے بیواؤں کی مدد کرتے۔ ☆ غریبوں مسکینوں سے پیار

کرتے۔ان میں جا کر بیٹھا کرتے۔☆سفید زمین پر بیٹھ جاتے۔اپنے لئے کوئی سامان امتیاز کا پسند نہ فرماتے۔ ☆لونڈی غلام بھی بیمار ہو جاتے تو خود جا کر ان کی خبر لیتے۔ ☆کوئی مسلمان مر جاتا اس پر قرض ہوتا تو بیت المال سے اس کا قرض دفن کرنے سے پہلے ادا کرتے۔☆کوئی مفلس مرتا تو اس کی تجہیز و تکفین میں شامل ہوتے۔☆منافق لوگ سامنے آ کر گستاخیاں کرتے، دشمنوں کو مدد دیا کرتے، مگر آنحضرت ﷺ کبھی ان سے بدلہ نہ لیا کرتے۔☆جنگل میں ایک بکری ذبح کرنے لگے۔ایک بولا میں ذبح کروں گا۔ ایک بولا، میں گوشت کاٹ دوں گا۔ایک بولا، میں پکا دوں گا۔آنحضرت ﷺ نے فرمایا، میں لکڑیاں لے آؤں گا۔ صحابہؓ نے عرض کی، ہم سب خدمت کو حاضر ہیں۔حضور ﷺ

کیوں تکلیف کریں۔فرمایا میں بھائیوں میں ممتاز بن کر نہیں رہنا چاہتا۔☆ طائف والوں نے نبی ﷺ کو پتھر پر پتھر مار کر زخمی اور بیہوش کر دیا تھا۔فرشتہ نے آ کر کہا کہ حکم ہو تو یہ بستی الٹ دوں؟ فرمایا، نہیں نہیں۔اگر یہ مسلمان نہیں ہوتے تو امید ہے کہ ان کی اولاد مسلمان ہو جائے گی۔☆ ایک گنوار نے پیچھے سے آ کر زور سے آنحضرت ﷺ کی چادر کھینچی، گردن سرخ ہو گئی۔نبی ﷺ نے لوٹ کر دیکھا تو وہ بولا کہ میری مدد کرو، میں غریب ہوں۔فرمایا، ایک اونٹ جو کا، ایک کھجور کا لدا ہوا دے دو۔☆ لوگوں کے اندر پاؤں پھیلا کر کبھی نہ بیٹھتے۔☆ اپنی تعظیم کیلئے مسلمانوں کو کھڑے ہونے سے روکا کرتے۔☆ دست مبارک کو کوئی شخص پکڑ لیتا تو آپ اس سے کبھی نہ چھڑاتے۔☆ سوالی کو کبھی رد نہ فرماتے زبان

پر انکار نہ لاتے۔ اگر چہ دینے کو کچھ بھی نہ ہوتا تو سوالی سے عذر کرتے، جیسے کوئی معافی مانگتا ہے۔ ☆ ایک نے آ کر سوال کیا فرمایا: میرے پاس تو ہے نہیں۔ تم بازار سے میرے نام پر قرض لے لو۔ فاروقؓ نے عرض کی خدا نے آپ ﷺ کو یہ تکلیف نہیں دی۔ نبی ﷺ چپ کر گئے۔ ایک نے پاس سے کہہ دیا ''خدا کی راہ میں دینا ہی اچھا ہے''۔ اس پر حضور ﷺ خوش ہو گئے۔ ☆ اپنے کام میں اپنی جان پر تکلیف اٹھا لیتے، مگر دوسرے کو شرم کی وجہ سے نہ فرماتے۔ ☆ کسی کو کوئی کام کرتے دیکھ لیتے تو جو پسند نہ ہوتا تو اس شخص کا نام لے کر کچھ نہ فرماتے۔ عام طور پر لوگوں کو اس کام سے روک دیا کرتے ☆ نفلی عبادت چھپ کر کیا کرتے کہ امت پر اتنی عبادت کا کرنا مشکل نہ بنے۔ ☆ وعظ اور نصیحت کبھی کبھی کیا کرتے،

تا کہ لوگ اکتا نہ جائیں ۔ ☆ بہت دفعہ ایسا ہوتا کہ ساری ساری رات امت کیلئے دعا کیا کرتے اور زاروقطار روتے ۔ ☆ ایک جنگ میں ایک عورت قیدی ہوکر آئی ۔ اس نے کہا میں آپ ﷺ کی دایہ کی بیٹی ہوں ۔ نبی ﷺ نے اپنی چادر اوپر سے اتار کر اس کیلئے بچھا دی ۔ ☆ مکہ میں ایک عورت کا نام فاطمہ تھا ۔ اس نے چوری کی ۔ لوگوں نے اسامہ بن زیدؓ سے جو نبی ﷺ کو بہت پیارے تھے ، سفارش کرائی ۔ فرمایا : کیا تم تعزیرات الٰہی میں سفارش کرتے ہو ۔ سنو ! اگر میری بیٹی فاطمہؓ بھی ایسا کرتی تو میں تعزیر ہی دیتا ۔ ☆ نفلی نماز میں اتنی دیر کھڑے رہتے کہ پاؤں سوجھ جاتے ۔ صحابہؓ نے کہا کہ ، حضور ﷺ تو بخشے ہوئے ہیں تو پھر اتنی تکلیف کیوں فرماتے ہیں ۔ فرمایا : کیا اب میں اس کا شکر نہ کروں ۔ ☆ مناجات کے وقت سینہ

مبارک دیگ کی طرح جوش مارتا ہوا معلوم ہوا کرتا۔ ☆ آیاتِ رحمت پڑھ کر دعا مانگتے۔ اور آیاتِ عذاب پڑھ کر کانپ اٹھتے۔ ☆ آنحضرت ﷺ کے پیارے چچا حضرت حمزہؓ کو وحشی نے مارا۔ ناک، کان وغیرہ کاٹے، کلیجہ نکالا تھا۔ پھر بھی جب اس نے معافی کی بابت عرض کیا تو معاف کر دیا۔ ☆ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ ایک درخت کے نیچے سو گئے، تلوار ٹہنی سے لٹکا دی۔ ایک دشمن آیا۔ تلوار اٹھالی اور آنحضرت ﷺ کو گستاخی سے جگایا اور پوچھا، اب کون تم کو بچائے گا۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ''اللہ'' وہ شخص چکر کھا کر گر پڑا تلوار ہاتھ سے چھوٹ گئی۔ آنحضرت ﷺ نے تلوار اٹھالی۔ فرمایا اب تجھے کون بچا سکتا ہے۔ وہ حیران ہو گیا۔ فرمایا، جاؤ میں بدلہ نہیں لیا کرتا۔ **(ماخوذ از کتب احادیث)**

## تعلیمات شاہ ابرار جناب محمد مصطفےٰ ﷺ

☆ دانا وہ ہے جو خود کو چھوٹا سمجھتا ہے اور کام وہ کرتا ہے جو مرنے کے بعد کام آئے۔ نادان وہ ہے جو نفس کا کہنا مانتا ہے اور خدا پر امیدیں باندھتا ہے۔

☆ پہلوان وہ نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دیتا ہے۔ پہلوان وہ ہے جو نفس کو اپنے بس میں قابو کر لیتا ہے ☆ قناعت وہ خزانہ ہے جو کبھی خالی نہیں ہوتا۔ ☆ غیر ضروری کام چھوڑ دینا عمدہ دینداری ہے۔ ☆ مشورہ بھی امانت ہے۔ جھوٹی صلاح دینا خیانت ہے۔

☆ شر (بدی یا فساد) کو چھوڑ دینا بھی صدقہ ہے۔ ☆ صحت اور فراغت ایسی نعمتیں ہیں جو ہر ایک کو میسر نہیں۔ ☆ گذران میں میانہ روی رکھنا نصف روزی ہے۔ ☆ جو عہد کا پکا نہیں،

وہ دیندار نہیں ☆ جس میں امانت نہیں اس میں ایمان نہیں۔ ☆ اچھے خلق کے برابر محبت کی کوئی تدبیر نہیں۔ ☆ تواضع سے درجہ بلند ہوتا ہے۔ ☆ خیرات سے مال میں کمی نہیں آتی ۔☆ اپنے بھائی کو طعنہ نہ دو ایسا نہ ہو کہ تم بھی اسی حال میں پھنس جاؤ۔ ☆ خدا کی خوشی باپ کی خوشی میں ہے۔ خدا کا غضب باپ کے غضب میں ہے۔

☆ سب عملوں سے بہتر نماز کا وقت پر پڑھنا ہے، پھر ماں باپ کی اطاعت۔ ☆ سب گناہوں سے بڑھ کر گناہ شرک ہے اور ماں باپ کی نافرمانی۔ پھر جھوٹی گواہی اور جھوٹ بولنا۔ ☆ رحم (قرابت) رحمٰن سے نکلا ہے۔ جو قربت کو قائم رکھتا ہے، خدا اسے ملاتا ہے۔ جو اسے چھوڑتا ہے، خدا اس کو چھوڑ دیتا ہے۔ ☆ اگر کسی کی تین یا دو بیٹیاں یا بہنیں ہوں اور

اللہ سے ڈر کر ان کی اچھی تربیت کرے وہ بہشتی ہے۔
☆یتیم کی پرورش کرنے والا بہشت میں میرے ساتھ یوں رہے گا۔ جیسے ہاتھ کی دو انگلیاں۔
☆جو چھوٹوں پر رحم اور بزرگوں کی عزت نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں۔☆تم اہل زمین پر مہربانی کرو۔ آسمان والا تم پر مہربان ہوگا۔☆ایک مومن دوسرے کیلئے آئینہ ہے۔اگر کسی بھائی میں کوئی نقص دیکھو تو اسے بتلا دو۔☆سلام کرنا، کھانا کھلانا، رات کو چھپ کر نماز پڑھنا اسلام کی اچھی نشانیاں ہیں۔☆ ہنس کر ملنا، نیک بات کہنا، بری بات سے ہٹا دینا، بھولے بھٹکے کو راستہ دکھانا، تھوڑی نظر والے کو راستہ بتانا، راستہ میں سے کانٹا، ہڈی، پتھر ہٹا دینا، کسی کو پانی کا ڈول نکال دینا، یہ سب کام صدقہ جیسے ہیں۔☆یہ مت کہو کہ اگر لوگ ہم سے

اچھا برتاؤ کریں گے تو ہم بھی اچھا برتاؤ کریں گے۔ اور اگر وہ ظلم کریں گے تو ہم بھی ظلم کریں گے بلکہ ایسی عادت بناؤ کہ اگر لوگ تم سے اچھا برتاؤ کریں تو تم ان سے احسان کرو اور اگر وہ تم سے برائی کریں تو تم ان پر ظلم نہ کرو۔ ☆ عبادت کی بزرگی سے علم کی بزرگی بہتر ہے۔ ☆ حکمت و دانائی کو اپنی گمشدہ چیز سمجھو، جہاں مل جائے لے لو۔ ☆ جہاں علم اور حلم اکٹھے ہوں۔ ان سے بہتر کوئی دو چیزیں کہیں ایک جگہ اکٹھی نہ ملیں گی۔ **(ماخوذ از کتب احادیث)**

# المصطفیٰ ﷺ مرکز کی دیگر مطبوعات



وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

اور اللہ کی رسی کو مل کر مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں نہ پڑو۔

مَنْ جَاهَدَ فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا

جو شخص اپنے ایمانی کی حالت روانی میں لگا رہے گا اللہ اسکی حاجت پوری کرے گا

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ

کہہ دو کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔




المصطفےٰ مرکز

قرآن وسنت کی دعوت وبالادستی | فرقہ پرستی ومسلکی تعصبات سے بالا | اتحاد وفلاح امت مسلمہ

## قرآن مجید و تعلیم مصطفےٰ ﷺ و کتب فی سبیل اللہ حاصل کرنے کے لئے رابطہ کریں


کیانی سٹریٹ، نیو مل شرقی، بحریہ انکلیو روڈ اسلام آباد

چک شاہ پور، 2 کلومیٹر ہرن مینار موڑ سے انٹرچینج، حافظ آباد روڈ، شیخوپورہ

+92 300-5115922

almustafa markaz

almustafamarkz@gmail.com


تعلیم مصطفےٰ کتب ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے موبائل سے QR کوڈ سکین کریں